فوری ریلیز کے لیے: 28/11/2022 *گورنر KATHY HOCHUL*

***گورنر HOCHUL کا 10$ ملین کے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدام کے جزو کے طور پر گلوورزویل کے لیے تبدل و تغیر کے پروجیکٹس کا اعلان***

***ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے بارہ پروجیکٹس نئی عوامی سہولیات اور کاروبار اور ہاؤسنگ کے مواقع کو فروغ دیتے ہیں***

***کلیدی عمل انگیز پروجیکٹس کی مدد سے کمیونٹی کو مالا مال کرنے کے لیے اسٹریٹیجک ہدف کا حصہ ہیں***
***پروجیکٹس کی تفصیلات یہاں دستیاب ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج 10$ ملین کے ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کے اقدامی ایوارڈ کے حصے کے طور پر گلوورزویل شہر میں تبدل و تغیر کے 12 پروجیکٹس کا اعلان کیا ہے۔ یہ ایوارڈ عوامی سہولیات اور سبزہ زاروں میں اضافہ کرے گا، ہاؤسنگ کے مواقع کو وسعت دے گا، اور نئے اور موجودہ دونوں چھوٹے کاروباروں کو معاونت دے گا۔ پروجیکٹ کی تفصیلات یہاں دستیاب ہیں۔

"ہم گلوورزویل میں عوام کے لیے پُرکشش ملازمتوں، کاروباروں کے ساتھ ایک نئے دور میں داخل ہو رہے ہیں اور کمیونٹی کو رہنے اور کام کرنے کے لیے ایک بہتر جگہ بنا رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ سرمایہ کاریاں زیادہ قابل استطاعت ہاؤسنگ تخلیق کریں گی، عوامی سہولیات کو بہتر بنائیں گی، اور گلوورزویل ڈاؤن ٹاؤن میں کلیدی کاروباروں کو بحال کریں گی، جس سے سیاحوں اور رہائشیوں کے لیے معیار زندگی یکساں طور پر بہتر ہو گا۔ میری انتظامیہ نیویارک کی بالائی ریاست میں مزید قابل رہائش کمیونٹیز تخلیق کرنے اور ایک روشن مستقبل کی تعمیر کے لیے پُرعزم ہے۔"

گلوورزویل کا ڈاؤن ٹاؤن اپنی منفرد خصوصیات، تاریخی فن تعمیر، معروف فنون اور ثقافتی اثاثوں، پارکس اور سبزہ زاروں، اور کمیونٹی کے بھرپور احساس سے ممتاز ہے۔ گلوورزویل کے ملحقہ، نزدیکی ڈاؤن ٹاؤن کے اندرونی اور اطراف کے علاقوں میں حالیہ سرمایہ کاریوں کی مدد سے علاقہ احیائے نو کے لیے تیار ہے۔

یہ سرمایہ کاریاں بالائی ریاست کی معیشت کو بحال کرنے اور موہاک ویلی میں مزید مواقع پیدا کرنے کے لیے گورنر کی جاری کوششوں کا حصہ ہیں۔ گلوورزویل کو 2021 میں DRI مرحلہ 5 کا فاتح قرار دیا گیا تھا۔ کمیونٹی کی عمل انگیز سرمایہ کاریوں کے لیے گرانٹس دینے کے علاوہ، ریاستی محکمے کے زیر قیادت، ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام، حصہ لینے والی کمیونٹیز کو تکنیکی مدد فراہم کرتا ہے جیسا کہ وہ ایک اسٹریٹیجک سرمایہ کاری کا منصوبہ تیار کرتے ہیں اور اپنے ڈاؤن ٹاؤن کے علاقوں کی بحالی کے لیے پروجیکٹس کی نشاندہی کرتے ہیں۔

**DRI کی جانب سے جن پروجیکٹس کو مالی اعانت فراہم کی جاتی ہے، ان میں شامل ہیں:**

**تاریخی گلوو تھیٹر کی تزئین و آرائش - DRI ایوارڈ 1,994,000$**
گلوو تھیٹر کے 40,000 مربع فٹ کمپلیکس کی تزئین و آرائش اس پروجیکٹ کے جانب سے کی جائے گی، جس میں حفاظت اور آرام میں اضافہ کرنے کے لیے مختلف اندرونی بہتریاں شامل ہیں۔

**کیریج ہاؤس کی تزئین و آرائش - DRI ایوارڈ 1,360,000$**
تاریخی کیریج ہاؤس، جو تقریباً دو دہائیوں سے خالی ہے، اس کو ایک شراب کی بھٹی، اسپورٹس بار، ریسٹورنٹ، نیز بالائی منزلوں پر ہاؤسنگ کے کئی یونٹس فراہم کرنے کے لیے دوبارہ آباد کیا جائے گا۔ رہائشی جگہ کے علاوہ، بالائی منزلوں کے ایک حصے کو ضرورت کے مطابق ضیافتی جگہ کے طور پر فعال کرنے کے لیے فلیکس اسپیس (کاروباری جگہ) کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔

**گلوو سٹی لوفٹس کی تعمیر - DRI ایوارڈ 1,250,000$**
اس پروجیکٹ کے ذریعے شہری ہال کے قریب ایک موجودہ خالی جگہ پر فنکارانہ ہاؤسنگ تعمیر کی جائے گی۔ یہ مخلوط آمدنی والے کرایہ داروں کے لیے تقریباً 75 لوفٹ اسٹائل کے قابل استطاعت ہاؤسنگ یونٹس پیش کرے گا، سبزہ زار اور گلوو سٹی آرٹس الائنس (Glove City Arts Alliance) کے زیر انتظام آرٹ گیلری کے ساتھ مکمل ہو گا۔

**سال بھر کی سرگرمیوں کے لیے سینٹ تھامس اسکوائر کو فعال کرنا - DRI ایوارڈ: 1,120,000$**
یہ پروجیکٹ ایک کم استعمال کردہ پارک کو دوبارہ بہتر بنا کر مین سٹریٹ سے ایک مضبوط کنکشن تخلیق کرے گا جس میں شامل ہیں: فارمرز مارکیٹ پویلین کے اردگرد ایک نیا راہگیری و یادگاری علاقہ اور منسلکہ سہولیات کے ساتھ آئس اسکیٹنگ کا علاقہ۔

**ڈینیئل ہیز مل کی بحالی نو - DRI ایوارڈ: 1,050,000$**
یہ پروجیکٹ کثیر خاندانی رہائشی استعمال کے لیے، ایک سابقہ صنعتی سائٹ کو دوبارہ تخلیق کرے گا، جس میں ایک تاریخی چار منزلہ لکڑی کی فریم شدہ اینٹوں پر مشتمل ساخت اور ایک منزلہ متعدد میسنری عمارات، شامل ہوں گی، یوں نئے رہائشیوں کو گلوورزویل کے ڈاؤن ٹاؤن میں آنے کا موقع دے گا اور ایک دیرینہ متروکہ پراپرٹی میں نئی جان ڈالے گا۔

**ڈاون ٹاؤن کاروباری بہتری کے فنڈ کا آغاز - DRI ایوارڈ: 600,000$**
ڈاون ٹاؤن کاروباری فنڈ DRI علاقے میں چھوٹے کاروباروں اور تنظیموں کو توسیع اور ترقیاتی کاموں کے پروجیکٹس کے لیے فنڈنگ کے فرق کو پورا کرنے کے لیے درکار مالی اعانت فراہم کرے گا۔ شہر مسابقتی درخواست، جائزہ عمل اور تقاضے سے مماثلت کی بنیاد پر گرانٹس دے گا۔

**ٹریل سٹیشن پارک میں عوامی سہولیات میں اضافہ کرنا - DRI ایوارڈ: 495,000$**
ٹریل سٹیشن پارک میں منصوبہ بند توسیع کا دوسرا مرحلہ شروع ہو گا، جو اسفالٹ کے ایک بڑے حصے کو اسپلش پیڈ، بیت الخلا، پویلین، اور چینجنگ ایریا، نیز درختوں، پکنک ایریاز، پگڈنڈیوں اور سبزہ زاروں جیسی سہولیات میں بدل دے گا۔

**سٹریٹ کی ساخت اور ربط سازی میں بہتری - DRI ایوارڈ: 441,000$**
یہ پروجیکٹ ڈاؤن ٹاؤن کے اہم مقامات میں سیاحوں اور رہائشیوں کے لیے بہتر فٹ پاتھ، سٹریٹ میں سایہ دار درخت، اور راہگیروں کے لیے روشنی کا نظام فراہم کر کے مزید خوش آئند ماحول تخلیق کرے گا۔

**ڈاون ٹاون میں عوامی چوک کی تخلیق - DRI ایوارڈ: 435,000$**
یہ پروجیکٹ مرکزی جگہ پر واقع مکمل طور پر خالی پراپرٹی کو ایک شہری پلازے/عوامی اجتماعی مقام برائے عوامی کنسرٹس اور پرفارمنسز، ہفتہ وار آؤٹ ڈور مووی نائٹس، اور شہری پارک کا ماحول میں تبدیل کر دے گا۔ فوڈ ٹرکوں اور مقامی ریسٹورنٹس کے اسٹالز کے لیے جگہ فراہم کی جائے گی۔ طوفانی پانی کی نکاسی میں معاونت دینے کے لیے گرین بنیادی ڈھانچوں کو شامل کیا جائے گا۔

**ایک خالی عمارت کو کشید گاہ میں تبدیل کرنا - DRI ایوارڈ: 359,000$**

ایک سابقہ خالی گیراج کی عمارت کو گلوو سٹی بریونگ کے ہیڈ کوارٹر میں مختلف مقصد سے استعمال کے لیے دوبارہ تعمیر کیا جائے گا، جس میں ایک شراب کی بھٹی، کچن ریسٹ رومز، اور ایک آؤٹ ڈور بائیرگارٹن شامل ہو گا۔

**شائن میموریل ہال، کی تیسری منزل کی تزئین و آرائش - DRI ایوارڈ: 346,000$**
شائن میموریل ہال کی تیسری منزل، ایک نمایاں، تین منزلہ عمارت جو کہ 1881 میں تعمیر ہونے کے بعد سے ڈاؤن ٹاؤن کا ایک اہم مقام ہے، سٹورٹو گلوو میوزیم کے دوبارہ منتقلی اور فنکاروں کی مشترکہ کام کی جگہ کے لیے ایک پُرکشش مقام بنانے کی خاطر دوبارہ آراستہ کی جائے گی۔

**سابقہ شہری ہال کی احیائے نو - DRI ایوارڈ: 250,000$**
مخلوط استعمال شدہ عمارت کی خالی جگہ میں ایک ریسٹورنٹ اور بیکری بنانے کے لیے سابقہ شہری ہال کی عمارت کے گراؤنڈ فلور کی تزئین و آرائش کی جائے گی۔

10$ ملین کی گرانٹ سے منصوبہ بندی کے فنڈز کی مد میں 300,000$ کے ساتھ گلوورزویل کے ڈاؤن ٹاؤن کی احیائے نو کے لیے ایک اسٹریٹیجک سرمایہ کاری کا منصوبہ تیار کیا گیا۔ بلدیاتی نمائندوں، کمیونٹی لیڈرز اور دیگر اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک مقامی منصوبہ جاتی کمیٹی نے اس جدوجہد کی قیادت کی، جسے نجی شعبے کے ماہرین اور ریاستی منصوبہ سازوں کی ایک ٹیم نے معاونت فراہم کی۔ گلوورزویل میں اس علاقے کے لیے اسٹریٹیجک سرمایہ کاری کے منصوبے میں مقامی اثاثوں اور مواقع کا جائزہ لیا گیا اور اقتصادی ترقی، آمد و رفت، ہاؤسنگ، اور کمیونٹی پروجیکٹس کی نشاندہی کی گئی جو ڈاؤن ٹاؤن کی احیائے نو کے لیے کمیونٹی کے ویژن کے مطابق ہوں اور جو نافذ العمل کیے جانے کے لیے تیار ہوں۔

**نیویارک کے سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا،** "DRI پروگرام ریاست کے ہر علاقے میں اہم ڈاؤن ٹاؤن کے وسائل کی تزئین و آرائش اور بحالی کو آگے بڑھا رہا ہے۔ گلوورزویل میں یہ بارہ پروجیکٹس اس 10$ ملین کی سرمایہ کاری کو اس کے رہائشیوں کے لیے کام کرنے اور اس کے تاریخی ڈاؤن ٹاؤن کو تجارت اور نئے سیاحوں کے لیے فعال کرنے کے لیے تیار کیے گئے ہیں۔ گلوورزویل اس بات کی بہترین مثال ہے کہ کس طرح ریاست نیویارک کی فنون، بنیادی ڈھانچوں اور واٹرفرنٹ رسائی میں اسٹریٹیجک سرمایہ کاریاں، قابل رہائش اور پُرکشش کمیونٹیز تخلیق کر کے معاشی ترقی کو سہارا دے سکتی ہیں۔"

**رکن اسمبلی Robert Smullen نے کہا،** "گلوورزویل کمیونٹی میں ریاستی وسائل کا استعمال دیکھنا بہت پُرجوش اور تازگی کا باعث ہے، اور میں پُرامید ہوں کہ ہم اپنے ڈاؤن ٹاؤن کے علاقے اور کاروباری ضلعے کو مکمل طور پر بحال کرنے کے لیے اس رفتار کو بنیاد بنا کر آگے جا سکتے ہیں۔ ان میں سے بہت سے پروجیکٹس ہمارے خطے کی بھرپور تاریخ اور ثقافت کی عکاسی کرتے ہیں، اس لیے مجھے یقین ہے کہ ان کی تکمیل سے موہاک ویلی کے رہائشیوں کے لیے مزید ملازمتیں، سیاحت اور مواقع پیدا ہوں گے۔"

**گلوورزویل کے میئر Vincent DeSantis نے کہا،** "یہ گلوورزویل کی تاریخ کے سب سے دلچسپ لمحات میں سے ایک ہے۔ گورنر Hochul اور سیکرٹری برائے ریاست Rodriguez، اور ریاست نیویارک کی طرف سے فراہم کردہ فنڈنگ کے اچھے مواقع کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اب ہم ایک نئے شہر کی تعمیر کے قابل ہیں، جو انیسویں صدی کے صنعتی شہر سے اکیسویں صدی کی ترقی پذیر کمیونٹی میں تبدیلی ہے۔"

**ڈاؤن ٹاؤن احیائے نو کا اقدام**
ریاست نیویارک DRI، جو اس کے اقتصادی ترقی کے پروگرام کا سنگ بنیاد ہے، ڈاؤن ٹاؤن کے گردونواح کو پُررونق مراکز میں تبدیل کرتا ہے جو اعلیٰ معیار کی زندگی پیش کرتے ہیں اور دوبارہ ترقی، کاروبار، ملازمت کی تخلیق، اور اقتصادی اور ہاؤسنگ تنوع کے لیے کشش رکھتے ہیں۔ ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ، ہومز اینڈ کمیونٹی رینیوول اور NYSERDA کی مدد سے محکمۂ خارجہ کی سربراہی میں، DRI ایک بے مثال اور جدید "منصوبہ سازی-پھر-عمل" حکمتِ عملی کی نمائندگی کرتی ہے جو فوری طور پر عمل درآمد کے ساتھ تزویراتی منصوبہ بندی کو جوڑتی ہے اور اس کے نتیجے میں ٹھوس، چلنے کے قابل اندرونِ شہر بنتے ہیں جو ریاست نیو یارک کو COVID-19

عالمی وباء کے اثرات سے اپنی معیشت کی تعمیر نو میں مدد کرنے نیز عوامی سواریوں کے استعمال کو فروغ دے کر اور نجی گاڑیوں پر انحصار کم کر کے ریاست کے جرات مندانہ موسمیاتی اہداف کو حاصل کرنے میں ایک اہم جزو ہیں۔ DRI کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418